**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی خیبر پختونخوا میں سینیٹ انتخاب ملتوی کرنے کی شدید مذمت

خیبر پختونخوا میں سینیٹ الیکشن ملتوی کرنا ریاستی سرپرستی میں عوام کے مینڈیٹ پر ڈالے جانے والے ڈاکے کے شرمناک منصوبے کا تسلسل ہے، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف کی مخصوص نشستیں چھین کر دوسری جماعتوں کو خیرات میں دینے والے الیکشن کمیشن نے سینیٹ انتخاب ملتوی کرکے اپنی بدنیتی کا واضح ثبوت پیش کیا ہے،

قومی و صوبائی اسمبلیوں میں مخصوص نشستوں پر منتخب اراکین کے بغیر حکومت اور ریاست کے سربراہان کا انتخاب کرانے کے بعد مخصوص نشستوں کو جواز بنا کر سینیٹ الیکشن ملتوی کرنا مضحکہ خیز ہے،

ایک سیاسی جماعت کو انتخابی نشان کے جائز حق سے محروم کرنے سے لے کر ووٹ کی بے حرمتی تک الیکشن کمیشن کی مجرمانہ سہو لتکاری قوم کے سامنے عیاں ہے،

تحریک انصاف کو قومی و صوبائی سطح پر ان کی جیتی گئی آئینی نشستوں سے محروم کرنے کے بعد سینیٹ میں پارٹی پوزیشن متاثر کرنے کی سازش رچائی جارہی ہے، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف الیکشن کمیشن کے آئینی و جمہوری اصولوں کے منافی کسی بھی اقدام کو قبول نہیں کرے گی،

عوامی مینڈیٹ پر شب خون کے مرکزی کردار چیف الیکشن کمشنر کے اس فیصلے کو مسترد کرتے ہیں اور اس کے خلاف عدالت سے رجوع کریں گے،

وقت آگیا ہے کہ ملک کو مینڈیٹ چور جعلی حکمرانوں کے قبضے سے واگزار کرانے کیلئے ملک گیر جدوجہد کی جانب بڑھا جائے جس کیلئے تحریک انصاف جلد لائحہ عمل مرتب کرے گی،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ